Kafir Kon Log Hain

By
Allama Inayatullah Khan Al-Mashriqi

Digital File Compiled By
Nasim Yousaf

Allama Inayatullah Khan Al-Mashriqi (Allama Mashriqi)

By Nasim Yousaf

Allama Inayatullah Khan Al-Mashriqi was born on August 25, 1888 and died on August 27, 1963. Mashriqi obtained his initial education at home and then attended school in Amritsar, prior to joining Foreman Christian College (F.C. College) in Lahore. He obtained his Masters degree in Mathematics from the University of Punjab and later went on to study at the University of Cambridge. Throughout his academic life, Mashriqi made history; it is believed that his academic records at the University of Cambridge - where he completed four Triposes within five years with distinction - are yet to be broken.

Upon completion of his studies, Mashriqi joined Islamia College (Peshawar) as Vice Principal prior to the launch of the College. As one of the College's founding fathers, Mashriqi worked hard to build it up; his efforts were well recognized by the community and he was promoted to Principal. Based on his success as an educationist, Mashriqi was appointed as Under Secretary at the Education Department of the Government of British India. Here, despite Mashriqi's stellar performance, policy differences with the British emerged and Mashriqi was subsequently demoted to Headmaster of Government High School in Peshawar. However, it wouldn't be long before the British would need Mashriqi again. When the Khilafat Movement began and Muslims began to migrate to Afghanistan, the British looked to Mashriqi to help stop the migration. In an attempt to regain his goodwill, they offered him Knighthood and the Ambassadorship to Afghanistan. Mashriqi declined both offers, as he considered them a means for the British authorities to use him for their own political purposes.

In addition to his work in Government, Mashriqi also gained recognition in scholarly and academic circles. Mashriqi's book *Tazkirah*, a scientific commentary on the Holy Koran, was nominated for the Nobel Prize in Literature. When the Nobel Prize Committee asked him to translate the book into any major European language as a prerequisite for consideration, he declined to do so; he considered this to be an insult to the millions of people who spoke the Urdu language. In May of 1926, Mashriqi attended the International Caliphate Conference in Cairo and delivered a historic speech entitled *Khitab-e-Misr*. The speech was published as a book by an Egyptian publisher and distributed in large numbers. Mashriqi remained in Egypt for a few months to deliver lectures. His book *Tazkirah* was heavily discussed and scholars of Al-Azhar University bestowed upon him the title of "Allama Mashriqi" (Sage of the East). The former Pakistani Ambassador to Egypt, Ahmad Saeed Kirmani stated (in a phone conversation with the author of this book, Mr. Nasim Yousaf): "…He was a man of very high stature. When I was Ambassador in Cairo, Mashriqi was still remembered in certain circles…" From Egypt, Mashriqi traveled to Europe and held meetings with scientists and scholars, including Albert Einstein. Mashriqi's work as a scholar and academic was recognized when he was inducted into several highly prestigious societies of Europe, including as Fellow of the Geographical Society (Paris), Fellow of the Asiatic Society, Fellow of the Royal Society of Arts (London), and Member of the International Congress of Orientalists (Leiden).

In 1930, Mashriqi founded the Khaksar Tehrik (Khaksar Movement) to revive the glory of the Indian nation. The Movement emphasized discipline, public service, and equality for all among its core tenets. Its message resonated with the masses and the Tehrik grew quickly within British India and opened branches in various countries. In 1934, Mashriqi launched *Al-Islah*, the official newspaper of the Khaksar Tehrik. *Al-Islah* gained a large following in many countries (including Afghanistan, Iraq and Iran, Bahrain, Burma, Ceylon, Egypt, Nigeria, Saudi Arabia, South Africa, Yemen, and some countries of Europe) and played a key role in spreading the message of the Movement. Within a few short years, the Khaksar Tehrik had emerged as the most well-disciplined private army (as it was referred to by one of the Viceroys of British India) in British India, with over 5 million members. Perhaps even more impressive was the fact that all members of the Khaksar Tehrik were volunteers who bore their own expenses. As a result of

the massive success of the Khaksar Tehrik, other Muslim and non-Muslim organizations attempted to form similar organizations.

By the end of 1939, Mashriqi already had plans in place to end British rule and was moving forward vigorously to this end. The Tehrik was thus banned in Punjab in early 1940 and Mashriqi was imprisoned. In 1941, the ban on the Movement was expanded throughout the entire India. The Government of British India demanded that Mashriqi disband his movement, or continue to remain behind bars. However, Mashriqi refused to succumb to their threats and replied that the Khaksar Movement was not his personal property that he could dispose of.

The British, therefore, continued to imprison him; he faced all atrocities with extraordinary courage and remained steadfast. In fact, Mashriqi fasted for 80 days in Vellore Central Jail to protest his and the Khaksars' unjust imprisonment and to push the freedom movement forward; he was ultimately released, but his movements remained restricted.

Following Mashriqi's release from prison, he continued working vigorously to bring an end to British rule. He was warned many times by the British authorities to halt his activities, but he did not waver in his resolve. In 1945, he presented *The Constitution of Free India, 1946, A.C.*, which provided protection for the rights of both Muslims and non-Muslims, and could serve as a precursor to jointly seeking independence. Unfortunately, the document was not adopted for political reasons.

In 1947, Mashriqi planned a coup of the Government and asked 300,000 Khaksars to assemble in Delhi on June 30, 1947 for this purpose. This coup was subverted by the partition plan, which was announced on June 3 and accepted by the All-India Muslim League and Indian National Congress (including Mahatma Gandhi) before the Khaksars could fully assemble in Delhi.

Despite achieving independence, Mashriqi was saddened by the division of India. To him, partition was not the solution to the country's problems. Following the emergence of Pakistan and India as separate nations (on August 14 and 15, 1947 respectively), Mashriqi's life was made very difficult. His and the Khaksar Tehrik's materials were confiscated throughout India and Pakistan, and Mashriqi's followers were harassed in both countries. Mashriqi's followers in India wanted to revive the Khaksar Tehrik (which Mashriqi had disbanded in July of 1947), but the Government imposed a ban in 1948. In Pakistan, on the insistence of his followers and supporters, Mashriqi founded a new party called the Islam League on October 31, 1947. But the new Government in Pakistan led by Quaid-e-Azam Muhammad Ali Jinnah did not want any opposition in the country (in other words, one-party rule). *The Pakistan Times* of April 21, 1948 wrote of Jinnah's stance in an article entitled "Quaid-e-Azam plea for one party in Pakistan."

The Government attempted to create hurdles for Mashriqi and his party at every possible juncture. For example, when Mashriqi wanted to travel to the USA (and other countries) where he had been invited by the United Nations to present his case on Kashmir and other topics, the Pakistani Government denied his passport. Then, in 1950 and 1951, Mashriqi was arrested under Prime Minister Liaquat Ali Khan's Government. He was kept in jail for a long time, a trend that persisted with subsequent Governments. In 1957, Mashriqi was arrested at least three times.

Despite the Government's attempts to stop him, Mashriqi remained a vocal opponent of its policies. In 1958, the Pakistani establishment attempted to silence Mashriqi forever by falsely implicating him in Dr. Khan Sahib's murder. Following a long trial (which is the focus of this book), the prosecution was unable to prove its case and Mashriqi was honorably acquitted. Then, in 1962, Mashriqi was accused of conspiring to topple the Government and was again arrested and imprisoned (due to his ailing health, he was later moved to his residence where he remained under house arrest).

Mashriqi died on August 27, 1963 at Albert Victor Hospital (Mayo Hospital) in Lahore. Following his death, a pall of gloom prevailed across the country; condolence messages from followers and admirers came from all over the world. Well over 100,000 people, from all walks of life, attended his funeral. All along the funeral procession, the

public gathered to pay tributes to their leader and showered his body with flowers. With his death, one important chapter of the history of the Indian sub-continent came to a close.

Allama Mashriqi not only led the freedom movement of the Indian sub-continent during his lifetime, but also left behind a lasting legacy of combating injustice, communalism, and sectarianism. He worked all his life for unity, discipline, and fostering a peaceful co-existence among people, regardless of religion, class, color or creed. Indeed, he made countless sacrifices in pursuit of these objectives and was arrested approximately fourteen times during his political career (and had his movements restricted at least three times, see Appendix for dates). As a result of his unrelenting fight, Mashriqi forever changed the history of the Indian subcontinent.

The above article is taken from the book entitled:

Allama Mashriqi Narrowly Escapes the Gallows: Court Proceedings of an Unpardonable Crime Against the Man Who Led the Freedom of the Indian Subcontinent. Author: Nasim Yousaf

For more information on Allama Mashriqi, please visit:

1. https://www.facebook.com/allamamashraqi
2. https://www.facebook.com/AllamaMashriqi.1
3. https://www.facebook.com/TazkirahByAllamaMashriqi
4. https://www.facebook.com/Khaksar.Movement
5. http://allama-mashriqi.8m.com

Allama Mashriqi’s Credentials

Education

M.A. Mathematics, University of Punjab (1907); University of Cambridge (U.K., 1907-1912): Completed Four Triposes in Mathematics, Natural Sciences, Mechanical Sciences, Oriental Languages; Honored as Wrangler, Foundation Scholar, and Bachelor Scholar

Fellow/Member of International Societies

Fellow, Royal Society of Arts (London, Inducted in 1923); Fellow, Société de Géographie (Geographical Society of Paris, Inducted in 1926); Fellow, Asiatic Society of France (Inducted in 1926); Member, International Congress of Orientalists (Leiden, Inducted in 1930)

Founder

Khaksar Movement (1930); *Al-Islah* Urdu weekly newspaper (1934); Islam League (1947); Co-Founder Islamia College (Peshawar)

Published Works

Tazkirah (nominated for Nobel Prize in Literature, 1925); *The Constitution of Free India, 1946 A.C*; *Maulvi Ka Ghalat Mazhub*; *Hadeesul Quran*; *Human Problem*; *Takmillah*; *Isha'raat*; *Deh Al'baab* (Collection of Poetry); *Armughan-e-Hakeem* (Collection of Poetry); *Hareem-e-Gaib* (Collection of Poetry); *Qaul-e-Faisal*; *Kharita* (Persian Poetry)

Government Service

Vice Principal and Principal, Islamia College (Peshawar, 1913-1917); Under Secretary of Education (Government of India, 1917-1920); Member, I.E.S. (Indian Education Service, 1920)

Honors Declined

Premiership of Alver State (British India, 1912); Ambassadorship to Afghanistan (1920); Knighthood (Title of “Sir,” 1920); Federal Cabinet Ministries in Pakistan (1950s and 1960s)

Famous Speeches

Khitab-e-Misr (International Caliphate Conference, Cairo, May 1926); *Where Leaders Fail* (Calcutta, 1945); Predicted terrorism and tyranny in Pakistan (Patna, 1947); *Khitab-i-Lahore* (Lahore, 1950); Predicted separation of East Pakistan and West Pakistan (Lahore, 1956)

Other Honors

Board Member, Delhi University (British India, 1923); President, Mathematical Society (British India, 1924); Elected President, All World's Faiths Conference (British India, 1937); Gold Medalist, World Society of Islam (1938)

Chronology of Allama Mashriqi's Arrests and Restrictions on His Movements[i]

In British India, Allama Mashriqi was arrested approximately 5 times and had his movements restricted twice (from 1932 to 1937, Mashriqi was barred from entering the North West Frontier Province and then on January 19, 1942, upon release from Vellore Central Jail, he was not permitted to leave the Madras Presidency[ii] until December 28, 1942). After the creation of Pakistan, Mashriqi was arrested approximately 9 times. In 1962, restrictions on his movements were imposed. Below is a summary of Mashriqi's restrictions and arrests. Note that there may be other arrests that are not included in this list.

1932 October 15

The North West Frontier Government (NWFP) imposes a ban on Khaksar activities and Mashraqi's entry into NWFP (now Khyber Pakhtunkhwa). The ban was lifted in 1937.

March 27, 1937

Allama Mashriqi is arrested at a Khaksar Camp (behind Chandni Chowk) in Delhi by Superintendent of Police Scott.[iii]

1939 September 01

Allama Mashriqi, who was in Lucknow to resolve the Shia-Sunni conflict, is arrested in the early hours (4:05 A.M.) of the morning.

1939 September 13

Allama Mashriqi is arrested at Malihabad (U.P., now Uttar Pradesh).

1940 March 19

Allama Mashriqi is arrested.

1947 June 09

Allama Mashriqi is stabbed and arrested. Note: The Canberra Times (June 11, 1947) wrote: "Allama Mashriqi…was yesterday stabbed at a hotel where the Moslem League Council met." This report was written on June 10, 1947.

1950 October 03

Allama Mashraqi, along with his two sons, is arrested in Lahore.

1951 January 11

Around 5:00 am, a Magistrate and armed police raid Mashriqi's house in Ichhra, Lahore and conduct a thorough search. Police arrest Mashriqi and cordon his house. Mashriqi is arrested under the Punjab Public Safety Act.

1957 January

Allama Mashriqi and 51 Razakars are arrested (PT 1957 Sept. 20; PT 1957 Oct. 03). Note: The date of their arrest and release was not specified in the source used.

1957 April 21

Allama Mashriqi along with a large number of Razakars are arrested at Wahgah border (near the Pakistan-India border near Amritsar) (PT 1957 Apr. 23; PT 1958 Oct. 11; C&MG 1957 Apr. 23).

1957 October 19

Allama Mashriqi is arrested. Mashriqi informs the Lahore Court that he plans to march towards India on October 21, 1957.

1957 October 22

Allama Mashriqi is again arrested (Hussain 1994, 182). Allama Mashriqi is sentenced to an aggregate term of two years of rigorous imprisonment and fined Rs. 1,200 (C&MG 1958 Jan. 11; PT 1958 Jan. 11). Ten of Mashriqi's followers are also sentenced. Mashriqi, who had been released on bail on October 21, 1957, is again imprisoned. He would remain in jail until January 1958 (Syed Shabbir Hussain, Kashmir Aur Allama Mashriqi, 1994, p. 182).

1957 October 28

Allama Mashriqi is released and arrested again.

1958 May 10

Allama Mashriqi is arrested at 3:45 a.m from his residence in Ichhra, Lahore. Others arrested include Mashriqi's son and four followers. Allama Mashriqi is implicated in a false murder case.

1962 May 06

Allama Mashriqi is arrested. Later, he was moved to house arrest until August 23, 1962, as he was suffering from cancer and in poor health.[iv]

About the Compiler

Nasim Yousaf is a scholar and historian. He has thus far published 14 books and numerous articles (which have appeared in newspapers in many countries, including Australia, Bangladesh, Canada, Pakistan, India, Japan, Norway, United Kingdom, and the USA) and has presented his works at conferences in the U.S. His works have been published in the journals *Harvard Asia Quarterly* and *Pakistaniaat* (USA) as well as in the *World History Encyclopedia* (USA). He has also compiled a rare and historic collection of a newspaper entitled *Al-Islah*, which was launched by his grandfather, Allama Mashriqi, in 1934. His books and other works are important contributions to the historiography of South Asia. He is currently working on additional books and articles.

His published books include:

1. *Mahatma Gandhi & My Grandfather, Allama Mashriqi: A Groundbreaking Narrative of India's Partition*
2. *Dr. Akhtar Hameed Khan - Pioneer of Microcredit & Guru of Rural Development*
3. *Allama Mashriqi Narrowly Escapes the Gallows*
4. *Hidden Facts Behind British India's Freedom: A Scholarly Look into Allama Mashraqi and Quaid-e-Azam's Political Conflict*

For more information on the author's works, please visit:

- https://www.facebook.com/nasimyousaf.26
- https://www.scribd.com/NasimYousaf

وَلَا تَرْكَنُوْٓا اِلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا فَتَمَسَّكُمُ النَّارُ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ اَوْلِيَآءَ ثُمَّ لَا تُنْصَرُوْنَ ۝ (۱۱/۱۱۳)

"اور اے مسلمانو! کفارِ مکہ کے مظالم سے عاجز اور بے بس ہو کر ہرگز ان کی طرف نرم نہ پڑ جاؤ۔ ایسا نہ ہو کہ (ان کو دوست بناتے ہوئے) جہنم کی آگ تم کو چھو جائے۔ کیونکہ اللہ کے سوا تمہارا کوئی مددگار ہے ہی نہیں اور اس حالت میں تم کو کوئی مدد بھی نہ ملے گی"

کافر کون لوگ ہیں

علامہ عنایت اللہ خان المشرقی

علّامہ عنایت اللہ خان المشرقی نے

۱۹۲۲ئہ میں اپنی شہرہ آفاق کتاب 'تذکرہ' کی پہلی جلد شائع کی۔ اُس وقت اُس کی چھ جلدیں مکمل ہو چکی تھیں اور تین زیرِ تکمیل تھیں۔ علّامہ مرحوم کا پروگرام تھا کہ باقی نو جلدوں میں اس علم کی تفصیل بیان ہو جو تذکرہ کی پہلی جلد میں اجمالاً پیش کر دیا گیا تھا۔ سالوں دُنیائے اسلام اور مغرب میں اس عظیم کتاب کا تذکرہ ہوتا رہا اور دردمند مسلمان نے اپنے جسم کے کپڑے بیچ کر اس کو خریدا اور پڑھا۔

اس کتاب کی اشاعت کے صحیح مقصود کے متعلق علّامہ صاحب نے دیباچہ کے آخری حصّہ میں لکھا تھا:

"مَیں اسلام کے اندر اُس کی اِس 'آفتاب لبِ بام' حالت میں کوئی نیا فرقہ پیدا کرنا نہیں چاہتا۔ نہ معترض سے مخالفانہ رویّہ اختیار کر کے مجھے اپنا اعلا مقصود ہے۔ پس مجھے اس تحریر کے مویّد سے اعتنا ہے نہ مخالف سے سروکار۔ اگر تمام عالمِ اسلام بیک آواز اس کا مویّد بن کر اس پر عامل ہو گیا تو میں سمجھوں گا کہ میرا مقصود حل ہو گیا۔ اگر یہ نہیں تو تکفیری اور تفطیری کی بحث میں پڑ جانا یا ایک گروہ کی آمادگیِ عمل پر خوش ہو جانا میرے لئے لاحاصل ہے۔ مسلمانانِ عالم دینِ اسلام کی اس تبلیغ سے پچاس یا سو برس اور انکاری ہو لیں۔ لیکن جب تک شدید العقاب خدا کا منتقمانہ عذاب اس طرح پر نازل نہیں ہوگا کہ موت کے علمبردار خدائی جلاد سینوں پر چڑھ چڑھ کر اُمت کا گلا گھونٹ رہے ہوں گے۔

اور فنا کی لازوال حقیقت عین سامنے آحاضر ہوگی تب تک اس کتاب کے مقصود
کی طرف ہمہ تن رجوع ہو جانے کی اُمید عبث ہے ۔"

علاّمہ نے دس سال انتظار کیا کہ دنیا کے کسی گوشے سے مسلمانوں کا کوئی گروہ اُٹھے اور قرآن کے مقصود پر عمل پیرا ہو کر اپنی جانیں پیش کرے ۔ مگر مسلمان لمبی تان کر سوتا رہا اور بے اعتنائی اور غفلت میں دن گزارتا رہا ۔ اس شدید انتظار کے بعد علامہ نے سب گھر بار کو لات ماردی ۔ تذکرہ کی باقی جلدوں کی اشاعت کو ملتوی کر دیا ۔ اور خود میدان میں اُتر آیا ۔ خاکی لباس پہن کر اور بیلچہ کندھے پر رکھ کر گلی گلی گھوما ۔ اور قوم کے اندر نئی عملی قوتیں پیدا کرنے کی تگ و دو میں اس جہانِ فانی سے چل بسا ۔

دُنیائے عرب پر اسرائیل کی یلغار اور برصغیر ہندو پاک میں پاکستان کے ایک پورے حصّہ پر ہندو کا فوجی قبضہ مسلمان پر خدا کے قہر کی تازہ ترین صورتیں ہیں ۔ آج مسلمان کے گھر میں کہرام ہے اور خدائی جلاد اس کے سینے پر چڑھ کر اس کو موت سے ہمکنار کر رہے ہیں ۔ آج تذکرہ کی اشاعت کو بھی پچاس سال ہو چکے ہیں اور بقول علامہ فنا کی لازوال حقیقت عین سامنے کھڑی ہے ۔ ہو سکتا ہے کہ اس مشکل وقت میں مسلمان قرآن اور خدائی قانون کی اس تبیین کی طرف رجوع کرے جو مشرقی نے تذکرہ میں آدھی صدی ہوئی پیش کی تھی ۔ اس چھوٹے سے پمفلٹ میں علاّمہ صاحب کے تذکرہ کے عربی افتتاحیہ سے کچھ اقتباسات کا اردو ترجمہ اس توقع کے ساتھ قارئین کے سامنے پیش کیا جارہا ہے کہ شاید موت سے آشنا ہونے کے بعد پاکستان کا بدقسمت مسلمان سمجھ سکے کہ کفر دراصل کیا شے ہے ۔ اور وُہ خود کس حد تک کفر پر عمل پیرا ہے ۔ ہاں! شاید وُہ جان سکے کہ اس کی ہر میدان میں پسپائی صراطِ مستقیم سے عملاً انحراف اور کفر کی عملاً پیروی کی وجہ سے ہے اور جب تک وُہ اپنے چلن کو درست نہیں کریگا ۔ اس کا اس زمین پر قیام محال ہے ۔

ادارہ اشاعت ، ۱۵ جنوری ۱۹۷۲ء

یہ جنّت کا انتظار

خدا پر ایمان کے دعویدارو! سوچو کہ منکرینِ خدا سے جہاد بالسیف کا مقصد کیا تھا؟ جہادِ جان و مال کے احکام کیوں صادر ہوئے تھے؟ ہجرت کی آزمائشیں کس لئے تھیں؟ صوم و صلوٰۃ کی غرض و غایت کیا تھی؟ حج اور زکوٰۃ میں کیا حکمت مضمر تھی؟ صلح و اتحاد پر کیوں زور تھا؟ اولوالامر کی اطاعت میں کیا راز پنہاں تھا؟ خدا سے بندھے رہنے کی ماہیت کیا تھی؟ عبادت شیطان کی مخالفت کیوں تھی؟ احکامِ خداوندی کی اطاعت عقل و بصیرت کو کیا دعوت دے رہی تھی؟ کیا یہ سب کچھ اس لئے نہیں تھا کہ اس کی بدولت تمہیں غلبہ حاصل ہو اور دشمنانِ دین سرنگوں ہو کر رہ جائیں؟ سوچو کہ خلفائے راشدین اور سلاطین اولیں کیا نشان راہ عطا کرتے ہیں اور میدان جنگ کے شہدائے کرام اور عساکر اسلام کے تاریخی کارناموں سے اس کے سوا اور کیا سبق ملتا ہے کہ تم اپنی زندگی میں ویسا ہی صلاحیّت بخش انقلاب پیدا کرو اور ان صالحین کرام کا راستہ اختیار کرو جو خوف حزن سے نجات پا گئے۔ یہ ممکن نہیں کہ اس حیات دنیوی میں تم حرماں نصیبی کا شکار رہو اور حیات اُخروی میں تعظیم و تکریم سے سرفرازیاں پا سکو۔ کیا تمہارے لئے خدا کا دین اور آیاتِ قرآن کریم منسوخ پا گئی ہیں؟ کیا تم ان پر عمل پیرا ہونے کے مکلّف نہیں رہے؟ ہاں، تمہارے پاس جو سرمایہ دین باقی ہے وُہ کلمۂ شہادت، متشرع داڑھیوں اور دستارِ فضیلت کے سوا کچھ اور نہیں۔ اس سرمایہ کی خود فریبی میں تم جنّت سے

منتظر بیٹھے ہو - ہاں! خوب انتظار کرو! میں بھی اس انتظار میں تمہارا ساتھ دُوں گا - (ص ۱۳)

اے مذہبی اجارہ دارو!

یہ تم جیسے لوگوں کے بارے میں ہی، جو قرآن حکیم پر کماحقہٗ ایمان نہیں لائے، حق تعالیٰ نے ارشاد فرمایا :-

"کیا ان کے لئے یہ کافی نہیں کہ ہم نے تجھ پر کتاب نازل کی جو ان پر تلاوت کی جاتی ہے۔ یہی وہ کتاب ہے۔ جس میں اہلِ ایمان کیلئے سامانِ رحمت بھی ہے اور دستورِ حیات بھی - (۲۹ : ۵۱)

حق تو یہ ہے کہ تم اس کتاب میں نہ وہ دستور پا سکے اور نہ نشانِ رحمت - بلکہ تمہارا اس پر دعویٰ ہی غلط ہے - اگر تم اس پر صحیح معنوں میں ایمان لائے ہوتے اور کماحقہٗ اس کا مطالعہ کیا ہوتا تو یقیناً تم فوز و فلاح سے بہرہ در ہوتے —— اس حیات دنیا میں اور آخرت میں بھی —— کیونکہ خدا حسن کارانہ بسر اوقات کرنے والوں کو ان کے اجر سے محروم نہیں کھتا (ص ۱۱۱)

خدا شاہد ہے کہ تم نے نہ ایمان بالقرآن کا حق ادا کیا اور نہ اس کے درسِ تلاوت کی ماہیّت کو پہنچے - تم نے حقائق قرآنی سے کفر کا ارتکاب کیا اور اس کا خمیازہ بھگت رہے ہو - تم اس زعمِ باطل میں مبتلا ہو کہ کفر بیہودہ قیل و قال سے عبارت ہے یا غسل و طہارت کے اسلوب اور حیض و نفاس کے مسائل میں بھٹک جانے کا نام ہے، یا تلاوتِ قرآن میں الفاظ و اعراب کی غلطی سے لازم ٹھہرتا ہے، یا نماز میں سجدہ سہو اور سمتِ کعبہ کو پورے طور پر رُخ نہ کرنے کا نتیجہ ہوتا ہے - ہاں، تمہارے کفر و ایمان کا تمام تر دار و مدار

یا تو لفظی عقائد پر ہے یا ان مضحکہ خیز لغویات پر ہے جن کا کوئی حد و شمار نہیں - آہ، اے جہالت کے پرستارو! تمہارے اس کھیل تماشے نے خدا اور اس کے دینِ حقہ کو زمانے کی نگاہوں میں مذاق بنا ڈالا۔ (صہ ۱۱۱ و ۱۱۲)

کفر کی قرآنی تفسیر

جاہلو! آخر تم کفر کا مفہوم کیا سمجھ بیٹھے ہو؟ ہاں، سنو کہ یہ کفر عبارت ہے تمہارے انفرادی اور اُمت کے اعمالِ سیہ سے جو کمزوری اور خوف کا ردِعمل پیدا کئے جا رہے ہیں۔ یہ کفر وہ تکذیبِ دین ہے جس کا ارتکاب تمہارے اعمال کی رُو سے ہو رہا ہے۔ یہ وُہ تکذیبِ رسالت ہے جس نے تمہیں جمود اور قساوتِ قلب میں مبتلا کر رکھا ہے۔ اے کاش کہ تم اسے جان لیتے! اگر تمہیں کتاب اللہ کا علم حاصل ہوتا تو محض قول کی بناء پر کبھی کسی کو خارج از اسلام قرار نہ دیتے بلکہ فتویٰ اس کے خلاف صادر کرتے جس نے عملاً اپنے نشو و نما دینے والے کی ربُوبیت سے انکار کیا۔ مقدسینِ اُمت! خدا را ذرا سوچو کہ کُفر و ایمان کی حقیقت تمہاری ان ہی لغویات سے عبارت ہے تو کیا اس کی تائید میں خدا کی کتاب سے کوئی شہادت مہیا کر سکتے ہو؟ سنو کہ کفر درسِ خداوندی کی کُنہ و ماہیت سے محرومی کا نام ہے۔ یہ بیہودہ ظن و قیاس کا اتباع ہے۔ بلکہ اگر تم جان سکو تو یہ کبر و جہالت کے اندھیروں میں تمہاری نفس پرستی سے عبارت ہے۔ اس حقیقت کو سمجھنے کی کوشش کرو کہ کفر نری قیل و قال پر لازم نہیں ٹھہرتا۔ بلکہ اس کے علاوہ اس کا حقیقی تعلق اعمال انسانی سے ہے بلکہ اے غافلو! کفر وہ ہے جو تمہاری روشِ باطلہ کا ماحصل بن رہا ہے۔ (صہ ۱۱۲)

کردار سے گفتار تک

جب سے تم نے خدا کے دین کو کھیل بنایا، تم اپنی حیات دنیوی میں درماندگی کا شکار ہو کر رہ گئے۔ یہ مذاق کفر کی حد تک پہنچ گیا۔ کیونکہ تم اس دین سے رُوگردانی اختیار کر گئے جو جیتے جاگتے اعمال اور نظامِ حیات کا مظہر تھا۔ اور اس دین کو اپنا لیا جو قیل و قال تک محدود تھا۔ تمہاری یہ قیل و قال بھی علم کی روشنی سے محروم تھی۔ اور عمل کی قوت سے بے نصیب تاکہ تم اس جمود کے لئے دین میں سہولتیں پیدا کر سکو۔ حالانکہ خدا کی درگاہ میں یہ جُرمِ عظیم کے مترادف ہے کہ تم وُہ کچھ کہو جو تم کرنے سے عاری ہو۔ (۶۱/۳)

کُفر کا انجام

کفر یہ ہے کہ تم خدا سے وُہ کچھ منسوب کرو جو عمداً نہ کرو۔ خدا کی بارگاہ میں کسی کا دعویٰ ایمان اُس وقت تک شرفِ قبول نہیں پاتا۔ تاآنکہ وُہ اپنے عمل سے اس کی تصدیق مہیا نہ کرے، اور ہاں، کسی شخص کا بھی مواخذہ نہیں ہوگا لیکن اس کے نامۂ اعمال کی رُو سے۔ وہ بخوبی جانتا ہے جو تم چھپائے ہوئے ہو اور جس کو ظاہر کئے ہو (۱۶/۱۹)۔ اس کے ہاں کوئی مکر و تدبیر کارگر نہیں ہو سکتی اور وہ دلوں میں گزرتے والے خیالات تک کا احاطہ کئے ہوئے ہے (۳/۲۴) اور جانتا ہے کہ تمہارا حقیقی عمل کیا ہے۔ اور اس میں تصنّع کا رنگ کس قدر۔ ہاں، کفر عبارت ہے تمہاری مال و اولاد کی عبادت سے، یہ مترادف ہے تمہارے گھر بار کی محبت میں

کھوئے رہنے لگے۔ یہ نام ہے اپنے اولیاء کو خدا کا درجہ دینے کا۔ یہ حکام و مساکن کے بتوں کی پرستش ہے۔ یہ سونے چاندی کے خزانوں کی محبت ہے۔ اور اس کا نتیجہ یہ کہ تم نے اپنی قوم کو ذِلّ و مسکنت کے جہنّم میں پہنچا دیا۔ (ص ۱۱۳، ۱۱۴)

ارتکابِ کفر کا ایک اور گوشہ

وحدتِ اُمت میں تفریق

ہاں اے غافلو! تم اس حقیقتِ دین کو بھول گئے کہ کفر کی جیتی جاگتی تعبیریں تمہارے وُہ باہمی اختلافات ہیں جن سے وحدتِ اُمت پارہ پارہ ہو کر رہ گئی۔ یہ اُسی کفر کی کارفرمائی ہے کہ تم نے قومی استحکام کے لئے ایثارِ مال کا ثبوت دینے کی بجائے بخل سے کام لیا ـــــ حوالہ آیۃ ۴۰ : ۳۷ ـــــ

یہ کفر ہی کے مترادف تھا کہ تمہاری دولت اُن حکمرانوں کے قدموں میں کھپا اور ہوتی رہی جو خدا نے تمہاری بداعمالیوں کی سزا کے طور پر مسلّط کئے تھے اور جن کے سامراجی استبداد و استحصال نے تمہاری اُمت کی توانائیاں کمزور کر ڈالیں اور تمہاری ہلاکت کے سامان مہیّا کر دیئے ـــــ حوالہ آیۃ ۸ : ۱۳۶ ـــــ اور یہ بھی کفر ہی تو تھا کہ تم نے کبھی ایثارِ مال کیا بھی تو صرف اس لئے کہ اس کی بدولت تم اپنا مفاد پاؤ اور قوم کو مصیبت میں ڈالو۔ (ص ۱۱۵)

دعوتِ امیر جو زندگی کی ضمانت بنتی ہے اُس کی سرتابی بھی

کفر کے مترادف ہے۔

اے عصرِ حاضر کے مفتیانِ عظام! یہ تمہارا جہادِ مال سے انحراف بھی کفر کے

مترادف ہے۔ تمہاری امیر کے حکم سے سرتابی اور اس کی اطاعت سے رُوگردانی بھی کفر سے ہم پایہ ہے، حالانکہ تمہارا امیر تمہیں اس مقام و منزل کی طرف پکار رہا ہے جو تمہارے لئے زندگی کی ضمانت ہے (۲۴ ؍ ۸) اور یہ تمہاری اپنے میں سے مقرر کردہ جانشینِ رسول کی "ایامِ خداوندی" کی طرف پکار اور میدانِ جہاد سے بے رُخی بھی تو اُسی کفر کا ہی ایک دوسرا پہلو ہے۔ یہی وجہ ہے کہ خُدا نے ان لوگوں کا ذکر کرتے ہوئے، جو رسولؐ کی بارگاہ میں (میدانِ جہاد کی) اس موت سے جان بچانے کی اجازت طلب کیا کرتے تھے۔ یہ فرمایا کہ

"ان میں وہ بدبخت بھی شامل ہیں جو یہ اجازت طلب کرتے ہیں کہ انہیں اس مصیبت سے بچا رہنے دو۔ حالانکہ یہ راہِ فرار انہیں ابدی مصیبت میں ڈال چکی ہے۔ اور یہی وُہ منکرینِ حق ہیں جن پر عذابِ عظیم محیط ہے"۔ (۹ : ۴۸)

پس جان لو کہ امیر کی نافرمانی بھی کفر ہے۔ اور اس کی اطاعت سے بے رُخی بھی، بشرطیکہ تم اس حقیقت کو سمجھ سکو۔ (صلا۱۱۶)

میدانِ جنگ سے فرار بھی کفر سے کم نہیں

اگر تم چشمِ بصیرت سے کام لو تو جہاد بالسیف سے بے رُخی اور موت سے فرار بھی کفر سے کم نہیں۔ جو خُدا کی راہ سے اس کے دشمنوں سے نہیں لڑتا اور موت کے خوف سے بچاؤ کا راستہ اختیار کرتا ہے وُہ اُمت کی کمزوری اور غم کا سامان مہیا کرتا ہے۔ پس ارشادِ باری کے مطابق :۔۔۔۔۔

"جو کوئی میدانِ جنگ میں پیٹھ دکھائے گا ۔۔۔۔۔ سوائے

اسس کے کہ جنگی چال کے تحت ایسا کرے گا ——— یا دشمن
سے جا ملے گا ———" (۸/۱۶)

وُہ اپنے امورِ دنیوی میں کمزوری کا شکار ہو کر رہ جائے گا۔ اور خُدا کی فتح و نصرت سے بے نصیب ہو کر رہ جائے گا۔ یہی ہو گا وہ بدنصیب جس نے خُدا سے کفر کا ارتکاب کیا۔ اور ایسے ہی لوگ کافر شمار ہوں گے۔ یاد رکھو خُدا کا یہ محاکمہ صرف قرنِ اوّل کی جماعتِ مومنین تک محدود نہیں تھا بلکہ تخلیقِ کائنات کے آغاز سے روزِ قیامت تک جو کوئی بھی ایمان کا مدعی ہو گا اس پر یہ برابر عائد ہو گا۔ (حوالہ آیات ۴۸/۲۲، ۲۳ ۳/۱۱ ۲۳/۱۱۷)

اس لئے حق تو یہ ہے کہ کافر وہی ہیں جو اس دنیا میں مغلوب ہو کر رہ گئے اور یہ حقیقت تمہاری نگاہوں کے سامنے نکھر کر آ رہی ہے۔ (صـــ۱۱۸)

شکستِ کُفار کا مقدّر ہے

حق تو یہ ہے کہ اس دُنیا میں تم جہاں کہیں بھی نگاہ دوڑاؤ گے، اہلِ کفر کو مغلوب پاؤ گے۔ سلسلہ کائنات کے آغاز سے قیامت تک یہ حقیقت ہمیشہ سامنے آتی رہے گی۔ کہ شکست کفار کا مقدّر ہے۔ اور جماعتِ مومنین کو ہمیشہ خُدا کی تائید و نصرت حاصل رہی اور ان کے لشکر ہمیشہ غالب رہے۔ (۳۷ : ۱۷۳)۔ یہ وُہ سنتِ خداوندی ہے۔ جس میں اے جاہلو! تم لاکھ چاہو بھی تو کوئی تبدیلی ممکن نہیں۔ تم چاہتے ہو کہ تمہارے مکر سے اس میں کوئی تبدیلی رُونما ہو لیکن اے مکّار انسانو! تم خدا کے قانون میں ایسا ردّ و بدل نہیں پاؤ گے۔ یہ سنتِ خُداوندی نہ صرف آج بلکہ دورِ رفتہ میں بھی ایک حقیقتِ ثابتہ رہی (۸ : ۳۸)۔

فلہٰذا کافروہ ہیں جن کا مقدر زوال اور شکست کے سوا کچھ نہیں۔ مزید برآں وُہ خُدا

کی تائید و نصرت سے بھی بے نصیب رہتے ہیں۔ وہ اپنے کون و مکاں میں مغلوب ہو کر رہ جاتے ہیں۔ ان کے امورِ زندگی میں کمزوریاں بپا ہو جاتی ہیں۔ ان کی سعی و جہد میں اضمحلال غالب آ جاتا ہے۔ اور اپنی کوششوں میں وُہ خدا کی رحمتوں سے مایوس ہو کر رہ جاتے ہیں۔ وہ خُدا اور اپنے امیر سے خوف کھانے کی بجائے اغیار سے خوفزدہ رہتے ہیں۔

"تجھے ان پر ایک جمعیت کا گمان ہوگا۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ کُفر سے اُن کے دِلوں میں ایک دوسرے سے بگاڑ کارفرما ہوگا۔ یہ اِس لئے کہ اُس قوم نے عقل و بصیرت سے کام لینا چھوڑ دیا۔" (۵۹ : ۱۴) - (صد ۱۱۹)

آپس میں عناد بھی کُفر ہے

اہلِ کفر کی یہ کیفیت بھی جان لو کہ ان میں اخوت باہمی کے اعتبار سے منظم ہونے اور نظم و ضبط کو برقرار رکھنے کی بھی استطاعت نہیں رہتی۔ وہ ایک دوسرے سے عناد رکھتے ہیں اور بیکسی میں مبتلا ہو کر رہ جاتے ہیں۔ وُہ تدبیرِ اُمور پر توکل کرتے ہیں اور اس کے نتائج سے آنکھیں بند رکھتے ہیں۔ وُہ نہ صرف اپنی کوششوں کے انجامِ اُخروی سے بے خبر رہتے ہیں۔ بلکہ خود حقیقتِ آخرت سے بھی۔ اور اس کا انجام یہ کہ حیاتِ دنیوی میں بھی ان کے اعمال بے نتیجہ ہو کر رہ جاتے ہیں اور آخرت میں بھی ان کی مساعی رائیگاں ہو کر رہ جاتی ہیں اور وُہ بدترین خسارے سے دوچار ہوتے ہیں۔ (صد ۱۱۹)

کافر وُہ ہیں

جو سُنّتِ خداوندی سے بے بہرہ اور سعی بلیغ کے مقام و منزل سے بے نصیب ہیں۔

پس حقیقت کے اعتبار سے کافر وہ ہیں جو رُوئے زمین پر خدا کے قانون وسنت کی کارفرمائی سے بے بہرہ ہیں۔ اور جو کچھ نبی اکرمؐ پر نازل ہوا اس کی صداقتوں پر ایمان نہیں رکھتے۔ اور اس کا نتیجہ یہ ہے کہ انہیں زندگی کے مصائب ومشکلات سے نجات نہیں ملتی اور حیوانی سطح پر زندگی سے متمتع ہونا ان کا نصب العین قرار پا گیا ہے۔ ان کی کوششیں سعیٔ بلیغ کے مقام ومنزل سے بے نصیب ہیں۔ اور ان کی تگ وتاز کا سِلسلہ "اعمالِ صالحہ" کی خصوصیت سے محروم ہے۔ ان کے نفوس میں وحدت نہیں اور ان کی اجتماعی زندگی میں کوئی نظام باقی نہیں رہا۔ مزید برآں انہیں یہ قدرت بھی حاصل نہیں رہی کہ اپنے کسب وعمل سے کوئی مثبت نتائج بروئے کار لا سکیں۔ اور اس کے باوجود انہیں یہ خوش فہمی لاحق ہے کہ وہ حسن کارانہ اعمال سرانجام دے رہے ہیں۔ یہ اس لئے کہ وہ خدا کے قوانین کے بارے میں غفلت کا شکار ہیں۔ (ص ۱۲۰)

کفر نام ہے قوتِ عمل میں کمزوری اور نظم ونسق سے رُوگردانی کا۔ یہ نام ہے تمہارے شرک اختیار کرنے اور اپنے مال واولاد اور خواہشاتِ نفسانی میں کھو جانے کا۔ یہ خُدا سے رُوگردانی اختیار کر کے احبار ورہبان اور اولیائے سے لَو لگانے کا نام ہے۔ اے عصرِ حاضر کے جہالت پسند فقیہو! تمہارے اپنی ذات پر ظلم کا یہ نتیجہ ہے کہ جس سعی وعمل سے اُمت دنیا میں غالب تھی اس سے تم نے اسے محروم کر دیا۔ کفر یہی ہے کہ تمہاری جدوجہد نے اس حیاتِ دنیوی میں ضلالت کی راہیں اختیار کر لیں۔ تمہارے اعمال پر بے حسی طاری ہو گئی۔ تمہارے معاملات میں بگاڑ پیدا ہو گیا۔ تمہاری متاعِ حیات نے حیوانی سطح قبول کر لی۔ تم اپنی صلاحیتوں کو کھو بیٹھے اور حکمت وبصیرت سے محروم ہو گئے۔ (ص ۱۲۱)

مفتیانِ اُمت کی خود فریبیاں

مفتیانِ کرام! خُدا کی ذات پر یہ افترا نہ باندھو اور نہ اس کذب بیانی سے کام لو کہ آخرت کے بارے میں قیامت کے روز خُدا یہ وعدہ پُورا کرے گا کہ کفار کے چہرے بدصُورت ہوں گے اور تمہاری شکلیں جگمگا رہی ہوں گی۔ حالانکہ تم پر وُہ قیامت آچکی ہے کہ تمہاری صورتیں بگڑ چکی ہیں۔ تمہاری یہ غلط فہمی بھی ختم ہو جانی چاہیئے۔ کہ تمہیں ذل و مسکنت کی یہ راہ (معاذاللہ) قرآن نے دکھائی ہے بلکہ یہ تمہارے عماموں اور تسبیحوں کا مکر اختیار کرنے کا نتیجہ ہے۔ خُدا کا ارشاد تو یہ ہے کہ:-

"قرآن اُسی کی رہنمائی کرتا ہے جو اس پر چلنے کی راہ میں ثابت قدم ہے۔ اور جو اہلِ ایمان صلاحیت بخش پروگرام پر عمل پیرا ہیں۔ انہیں اجرِ عظیم کی بشارت ہے"۔ (۹:۱۷)

ہاں اے مفتیانِ عظام، تم اس کے بعد بھی "خُدا کے بارے میں وُہ کچھ کہو گے جس کا تمہیں کوئی علم نہیں"۔ (۶۸:۱۰)

خُدا نے اپنے رسولؐ کو یہ حقیقت بیان کرنے کی ہدایت فرمائی کہ جو لوگ خُدا کے بارے میں افترا بازی کریں گے ان کی فلاح ممکن نہیں ہو گی۔ وہ مفادِ دنیوی سے لذت ضرور پا سکیں گے۔ لیکن جب ہماری بارگاہ میں پہنچیں گے۔ تو انہیں یہ کفر اختیار کرنے کے باعث، عذابِ شدید کا مزا لازماً چکھنا پڑے گا۔

ہاں اے مفتیانِ کرام! کیا یہ اس لئے نہیں ہو گا کہ تم نے جان بوجھ کر آیاتِ خُداوندی کے بارے میں مکر سے کام لیا۔ اور اس کی شہادتوں کو چھپانے کی کوشش کی؟

تمہارے سعیِ عمل کا مقصود اس کے سوا اور کچھ نہیں کہ تمہیں آسائشِ نفس کے سامان حاصل ہو جائیں ؟ ہائے افسوس کہ تم خدا کی کتاب پر ایمان کا حق ادا نہ کر سکے بلکہ تم نے اس سے کُفر کا ثبوت دیا ۔ (صـ۱۲۲)

کفرانِ نعمت کا راستہ

ہاں اے اُمت کے جہالت پسند پیشواؤ ! تمہاری علم و حکمت سے یہ بے رُخی بھی تو کفر کے ہم پایہ ہے ۔ تمہاری اس جہالت نے ہی تمہاری قوم کو ذلّ و مسکنت میں مبتلا کر دیا ۔ اسی کی بنا پر تم خُدا کی نعمتوں سے رُوگرداں ہوئے ، اور جیسا کہ ان کا حق تھا ۔ اس کے مطابق نہ تو ان کی قدر کر سکے اور نہ شکر ادا کر سکے ۔ خُدا کا یہ ارشاد تمہارے ہی بارے میں تو ہے کہ :۔

"کیا تم نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا ۔ جنہوں نے خُدا کے احسان کا بدلہ کفرانِ نعمت کی صُورت میں دیا اور اپنی قوم کو تباہی کا شکار بنا دیا ۔" (۱۴ : ۲۸)

مزید ارشاد ہوا کہ :۔

"وہ خُدا کی نعمتوں کو جانتے بُوجھتے ہوئے بھی کفرانِ نعمت کا راستہ اختیار کئے ہوئے ہیں اور اسی طرح ان کی اکثریت کفر میں مُبتلا ہے ۔" (۱۶ : ۸۳)

یاد رکھو ، کہ جس کسی نے اپنے نشو و نما دینے والے کی نعمتوں کی کما حقہٗ قدر کی اور ان سے ذوقِ عمل پا کر ان کی غرض و غایت کی تہ تک پہنچا اور اس طرح خُدا کے

صراطِ مستقیم پر جادہ پیما ہو کر اسے زندگی کا مستقل نصب العین ٹھہرایا تو یہی لوگ درحقیقت اہلِ ایمان میں سے ہیں۔ (ص ۱۲۳)

آخرت سے عملاً انکار بھی کفر ہے

ایمان بالآخرۃ سے عملاً اور معناً اعراض اختیار کرنا بھی کفر کے ہم معنی ہے بشرطیکہ تم اسے جان سکو۔ تمہاری یہ خود فریبی کوئی وزن نہیں رکھتی۔ کہ تم زبانی قول و قرار سے آخرت پر ایمان کے مدّعی بن بیٹھو۔ خدا کی بارگاہ میں زبانی دعووں کی کوئی قیمت نہیں کیونکہ خدا عمل کرنے والوں سے ہی محبّت رکھتا ہے اور اس کا ارشاد یہ ہے کہ

"بعض لوگ زبانی طور پر دعویٰ کرتے ہیں کہ وہ خدا اور آخرت کو مانتے ہیں۔ اور حقیقت میں وُہ اہلِ ایمان نہیں ہیں" (۲:۸)

اسی لئے لِقائے رب کا شرف پانے کے لئے عملِ پیہم اور جہدِ مسلسل کا ثبوت دو اور اس کی بدولت حیاتِ دنیوی کی فوز و فلاح سے مالا مال ہو جاؤ۔ اسے بخوبی ذہن نشین کر لو۔ کہ خدا کی مغفرت اُسی صورت میں میسر آئے گی جبکہ تمہارا سلسلۂ جہاد زندگی کے آخری سانس تک برابر جاری رہے۔

یاد رکھو کہ اگر تم خدا کی ولایت و محبّت پانے کے آرزومند ہو تو یہ مقامِ محمود صرف اسی وقت حاصل ہو گا۔ جب تم خواہشاتِ نفسانی سے مُنہ موڑ کر خدا کی راہ میں جذب و شوق سے بے دریغ جانیں لڑا دو۔ اور حیاتِ دنیوی میں غلبہ و عروج کی منزلِ مراد تک پہنچ جاؤ۔ (ص ۱۲۴)

اولیاء اللہ ہونے کی خود فریبی

اگر تم اس خیال خام میں مبتلا ہو کہ اپنے مخصوص عماموں، تسبیحوں، گفتگوؤں اور گھروں یا مسجدوں میں گوشہ نشینی اختیار کرنے سے تم اولیاء اللہ ہوتے لگے ہو! اور اس طرح موت سے فرار کا مکر روا رکھ کر تم خدا کی عبادت اور محبت کا ثبوت دے رہے ہو، تو تمہاری خود فریبی حد درجہ مذموم ہے۔ یاد رکھو، کہ تمہاری طرح یہود بھی موت سے فرار اختیار کر کے اسی طرح کے فریبِ نفس میں مبتلا ہوا کرتے تھے۔ اور جیسا کہ وہ خدا کو پکارا کرتے تھے، اس کے بارے میں خود خدا نے ارشاد فرمایا، کہ:-

"اے یہود! اگر تم اس زعمِ باطل میں گرفتار ہو کہ، دیگر بنی نوع انسانی سے بالاتر، تمہیں اولیاء اللہ کا مقام حاصل ہے تو اس دعوے کی شہادت میں تمنائے موت کا ثبوت دو۔ یاد رکھو کہ تم جو کردار ادا کر رہے ہو، اس کی بناء پر تم کبھی ایسا نہ کر سکو گے اور خدا ایسے ظالموں سے پوری طرح باخبر ہے۔

اے نبی اکرم! انہیں یہ حقیقت بتا دیجئے کہ جس موت سے یہ جان بچا رہے ہیں وہ انہیں بچ نکلنے کی مہلت نہیں دے گی اور انہیں بہر حال ظاہر و باطن کے اس رازدان کی بارگاہ میں حاضر ہونا پڑے گا۔

جو ان کا کیا کرایا ان کے سامنے لے آئے گا"۔ (۶۳: ۶-۸)
(ص ۱۲۴)

بلند بانگ دعوؤں کی تصدیق صرف ابتلا و آزمائش کی میزان پر

طالب و مطلوب کے مابین ولایت کا دعویٰ اس وقت تک کوئی حقیقت نہیں رکھتا، تا آنکہ چاہنے والا اپنی خواہشاتِ نفسانی سے منہ موڑ کر جادۂ مطلوب پر تمنائے موت سے سرشار نہ ہو۔ کوئی شخص بھی کسی دوسرے کے دعوئ محبت پر اعتبار نہیں کرتا جب تک کہ وہ اُسے عملاً جانچ پرکھ نہ لے اور اُسے واضح طور پر معلوم نہ ہو جائے کہ مدعی نے اپنے دعوے کی تصدیق بہم پہنچا دی ہے اور جس کسی نے بھی یہ تصدیق مہیا کر دی وہ مقامِ محبوب پر فائز ہو گیا۔ اسی بنا پر ارشادِ باری ہے کہ :-

"لوگوں پر یہ گمان غالب ہے کہ وہ محض ایمان لانے کے زور پر ہی نجات پا جائیں گے۔ اور انہیں کسی آزمائش سے واسطہ نہیں پڑے گا۔ حالانکہ ہمارا قانون یہ ہے کہ ہم اب تک سب کو آزمائش کی انگیٹھی پر پرکھتے آئے ہیں۔ اور یہ اس لئے کہ خدا کی بارگاہ سے یہ حقیقت اَلَمْ نَشْرَح کر دی جائے کہ اپنے دعوے میں سچا کون ہے اور جھوٹا کون۔ (۲۹: ۳-۳)

(ص ۱۳۵)

کفر و ایمان کا معیار

عمل اور صرف عمل ہے

اے عصرِ حاضر کے مفتیانِ عظام ! اگر تم قرآنِ حکیم کے الفاظ کی گہرائیوں تک غور و خوض کرو گے اور اس کے مفہوم و مقصود کو سمجھنے کی کوشش کرو گے، تو تمہیں اس میں کفر کا مفہوم عملی کفر نظر آئے گا۔ انکار کا مفہوم عملی انکار ملے گا۔ زبانی کفر کا تذکرہ کہیں نہیں ملے گا۔ زبانی و قولی مکر کا ایمان نہیں ملے گا۔ خاص قسم کے عماموں، کرتوں اور پاجاموں کا اسلام نہیں ملے گا۔ سوائے اس کے کہ جس نے زبانی بُرائی اختیار کی اور اُسے عملی صورت دے کر اس سے متمسک ہوا، وہ اپنی ان خطاؤں میں مبتلا ہو کر رہ گیا۔ اور جس نے آیاتِ خداوندی کی زبانی تعظیم و تکریم کے باوجود عملاً اُن سے رُوگردانی اختیار کی، لازماً اُس نے اپنے رب سے کفر کا ارتکاب کیا۔ اور ایسا کوئی شخص بھی موردِ الزام قرار نہیں پا سکتا جس نے خدا کی عبادت کا حق اپنے عمل سے ادا کیا۔ خدا کی محبت کے ولولوں میں اُس کے لئے سینہ سپر رہا۔ اور عشق و محبت کی حدود کا پابند رہ کر شرک کی راہ اختیار کرنے سے اجتناب کیا۔ (ص ۱۲۷)

ہاں اے فقیہائے اُمّت ! جو گفتار کے غازی بن کر رہ گئے ہو۔ کچھ اِن حقائق پر غور کرو ! کفر وُہ نہیں جو تم اقوال پر گمان کئے بیٹھے ہو۔ بلکہ یہ وُہ ہے جو تم عملاً کرتے اور کماتے ہو اور تمہارے اقوال سے جو کچھ سامنے آیا۔ وُہ یہ ہے کہ تم نے بنی نوع انسانی میں تفرقہ پیدا کیا اور آپس میں چپقلش قائم کی۔

تم گروہوں میں بٹ کر خوش بخوش ہو۔ حالانکہ تمہاری گفتار کے ان عملی نتائج کا نام ہی تو کفر کے مترادف ہے۔ یہ اس لئے کہ جو کوئی اللہ کی رسّی کو مضبوطی سے پکڑنے کے لئے تیار نہیں، اس کے بندوں میں صلح و امن قائم رکھنے کا روادار نہیں۔ جُدا جُدا گروہوں میں ربطِ باہمی پیدا کرنے کی کوشش نہیں کرتا۔ وہ خدا کی بارگاہ میں کُفرِ عظیم کا مرتکب ہے۔ نہیں بلکہ اس نے خُدا سے کفر کیا۔ اُس کے رسُولوںؑ اس کی کتابوں اور اس کی توحید سے کفر کیا۔ اور ایسے لوگ لازماً خدا کے عذاب سے دوچار ہوں گے۔ کیونکہ جو خدا اور اس کی توحید پر کما حقہٗ ایمان لایا وہ وحدتِ انسانی پر ایمان لایا۔ وہ ایمان لایا انسانی مساوات و اخوت اور مصالحت پر۔ اور وُہ اس حقیقت پر ایمان لایا کہ خُدا اپنے بندوں میں تفریق و تشتت پسند نہیں کرتا۔ بلکہ اس کی رضا و منشاء یہ ہے کہ اُس کے بندوں میں اُمتِ واحدہ کی صوُرت پیدا ہو۔ (صـ۱۲۸)

○

صراطِ مستقیم کی نشانیاں

صراطِ مستقیم سے رُوگردانی

خداوند تعالیٰ نے اپنی کتاب مبین میں انہیں "صراطِ مستقیم" کی حقیقت سمجھائی تھی ۔ ہارون و موسیٰ کی داستان میں اس کی نشاندہی کی گئی تھی ۔ وہ اپنی قوم امن و سلامتی کی منزل پر لے گئے تھے ۔ اور جنّتِ ارضی کی خوشگواریوں سے انہیں مالا مال کر دیا ۔ یہی وہ راہ تھی جس سے ان کی آئندہ نسلوں نے برگشتگی اختیار کر لی ۔ چنانچہ فرمایا گیا کہ :-

"یہ ہارون و موسیٰ پر ہمارا احسانِ عظیم تھا کہ ہم نے انہیں ان کی قوم سمیت ایک ابتلائے عظیم سے نجات دلائی ۔ اور ہماری تائید و نصرت کے صدقے میں انہیں غلبہ میسّر آیا ۔ ہم نے انہیں ایک کتاب مبین عطا کی ۔ اور اس کی وساطت سے صراطِ مستقیم کا سُراغ دیا ۔ ان کے جانشین اس راہِ ہدایت کو اپنائے رہے ۔ موسیٰ و ہارون پر ہمارا سلام ہو ۔ ہم حسن کارانہ طریق زندگی کے جادہ پیماؤں کو ایسے ہی اپنے لطف و کرم سے نوازا کرتے ہیں ۔" (۳۷ : ۱۱۴ - ۱۲۲)

خدا کی اس وضاحت کے بعد بھی اگر تم یہ سمجھے بیٹھے ہو کہ ایک مالا کے دانوں پر خُدا کے ناموں کی گردش کا مفہوم ہی تسبیح کے مترادف ہے تو تم یقیناً جہل میں مبتلا ہو ۔

تمہارے رسولؐ نے تو اپنی زندگی میں یہ عجیب و غریب ہتھیار کبھی استعمال نہیں کیا تھا تاکہ اس سے کوئی فلاح ملتی۔ تمہیں کیا ہو گیا کہ تم نے تدبّر سے کام لینا چھوڑ دیا، جہالت سے لو لگالی اور کتاب اللہ کے مفہوم و معانی تک بدل ڈالے۔ (ص ۶۵)

فریبِ نفس کا شکار ہونے والو!

اے گم کردہ رہ انسانو! تم نے یہ سمجھنے کی کوشش ہی نہیں کی کہ صراطِ مستقیم کیا ہے اور یہ بھی کہ اگر تم آپس میں متحد اور متمسک رہتے تو تم پر خدا کی بارگاہ سے کیا کیا انعام و اکرام نازل ہوتے! تم نے اس پر بھی غور نہ کیا، اے غافلو، کہ تم صبح و شام اپنی نمازوں میں راہ ہدایت پانے کی جو دعائیں کرتے ہو، اس سے مقصود کیا ہے۔ تم نے اس پر بھی کچھ نہ سوچا۔ کہ وہ جو علمائے متقدمین نے "بال سے باریک اور تلوار سے تیز" کے الفاظ استعمال کئے ہیں، ان سے مراد کیا ہے۔ بلکہ تمہارے جہلانے اسے ایک پل تصوّر کر لیا ہے جو جہنّم کے اُوپر بچھا ہوا ہے۔ جسے اپنی بھیڑ، بکریوں اور گائے کی سواری سے عبُور کرتے ہوئے تم جنّت میں داخل ہو جاؤ گے۔ اگر ایسا ہی ہے کہ خدا نے تمہارے قربانی کے جانوروں کے گوشت اور خُون کے بدلے میں تمہارے لئے اس قسم کے انعامات مقرر کر رکھے ہیں تو پھر یُوں سمجھنا چاہیئے کہ گویا خدا کا سارا دین منسوخ ہو کر رہ گیا۔

ارے ستم ظریفو! آخر تم نے خُدا کے دین کو کیوں کھیل تماشہ بنا لیا ہے؟

آہ خوابیدہ بختو! ایسا کر کے تم نے خُود اپنے آپ کو فریب دیا اور اس فریبِ نفس میں گہری نیند سو گئے۔ (ص ۱۲۹)

صراطِ مستقیم وحدتِ اُمت سے عبارت ہے

تمہارے نشوونما دینے والے کا صراطِ مستقیم یہ ہے کہ تم وحدتِ اُمت کا قیام و دوام پیشِ نظر رکھو۔ اور نہ صرف اپنی صفوں میں بلکہ کتاب اللہ کے معاملے میں اختلاف و افتراق پیدا کرنے سے احتراز کرو۔ اور ان کتابوں کے بارے میں بھی ایسا کرنے سے بچو جو دیگر تمام انبیاء کرام لے کر آئے۔ اور اس انتشار سے بھی اعراض کرو جو تمہیں جہنم کے کنارے پہنچا دے۔ اور کر دیہ کہ خدا کی رسّی کو مضبوطی سے تھامے رہو۔ اور نوعِ انسانی میں صلاح و سلام کے قیام پر توجہ دو۔ یہ اس لئے کہ ارشادِ خداوندی کے مطابق:-

"جو خدا سے رشتہ جوڑ لیتا ہے صراطِ مستقیم کو پالیتا ہے۔
اے ایمان والو! خدا کے تقویٰ کا پورا پورا حق ادا کرتے ہوئے تقویٰ شعار بن جاؤ اور داعیِ اجل کو لبیک کہو تو بھی اسی کے حضور سرِ تسلیم خم کئے پہنچو۔ خدا کی رسی کو مضبوطی سے پکڑ لو۔ تفرقہ سے بچو اور خدا کی اس نعمت کو یاد کرو کہ تم ایک دوسرے کے خون کے پیاسے بن گئے تھے اور اس نے تمہارے دلوں کو شیر و شکر کر دیا۔" (۳ : ۱۵-۱۰۱)

ہاں! صراطِ مستقیم اس کے سوا کچھ نہیں کہ تم ایک نقطے پر مجتمع ہو جاؤ اور یہ نقطہ تمہاری وحدتِ نفسانی کا مرکز و محور قرار پا جائے۔ (ص ۱۳۰)

اطاعتِ امیر اور راہِ حق میں استقامت بھی صراطِ مستقیم ہے

صراطِ مستقیم یہ ہے کہ اپنے امیر کی بلا حیل و حجت اطاعت کرو اور اپنے جان و مال اس کے لئے وقف کئے رہو، بلکہ اپنے دشمنوں سے جہاد بالسیف کے لئے اور مال کی قربانی کے ساتھ ساتھ گھر بار چھوڑنے کے لئے ہر آن تیار ہو تاکہ اس حیاتِ دنیوی میں تم اپنی اُمت کو صاحبِ عزم و ثبات ثابت کر سکو۔ اور حیاتِ اُخروی میں انعام یافتہ قوموں کی صف میں جگہ پا سکو۔ یہی ہے دنیا و آخرت میں محسنین کا مقام۔ (سلسلہ آیات القرآن)

صراطِ مستقیم یہ بھی ہے کہ تم سعی و عمل میں استقامت اختیار کرو تاکہ اس زندگی میں تمہاری یہ کھیتیاں پروان چڑھ سکیں۔ اور جہادِ زندگانی کی مصیبتوں کے مقابلے میں تمہارا یہ عزم و استقلال اور خدا پر توکل بھرپور نتائج مرتب کر سکے۔

ہمیں چاہیئے کہ خدا پر بھروسہ کریں اور وہ یقیناً ہمیں ہماری منزلِ مراد عطا کر دے گا۔ اور ہمیں اس راہ کی اذیتوں پر صبر کرنا چاہیئے۔ اہلِ عزم و ثبات صرف خدا پر تکیہ کرتے ہیں۔ (۱۴ : ۱۲)

خدا کا ارشاد یہ بھی ہے کہ :-

"جو لوگوں نے ہمارے لئے جہاد کیا، ہم انہیں اپنے صراطِ مستقیم پر لے آئیں گے۔ اور یقیناً خدا محسنین کے ساتھ ہے"۔ (۲۹ : ۶۹) - (ص ۱۳۱)

ہاں صراطِ مستقیم سے مراد تمہاری بلاحیل وحجت اطاعتِ امیر بھی ہے اور بہر حال اور بہر صورت اس کا اتباع بھی۔ اس کے اشارے پہ جان و مال کی قربانی اور جہاد بالسیف بھی۔ خُدا کی راہ میں اس کے حکم پر ہجرت بھی۔ اسی بے چُون و چرا اطاعت کے زور پر ہی تم امت کے ثبات و استقلال کی شہادت فراہم کرسکو گے اور ان قوموں کی صف میں شامل ہوسکو گے۔ جو دنیا و آخرت میں انعام خُداوندی سے نوازی جاتی ہیں۔ اس کا نتیجہ یہ بھی ہوگا کہ تم صالحین کے زمرے میں شریک ہوگے۔

(آیات ۴: ۶۶ - ۷۰)

صراطِ مستقیم سعی و عمل میں تمہاری استقامت سے بھی عبارت ہے جس کا پھل دنیوی فلاح کی صورت میں ملتا ہے۔ یہ مصائب و مشکلات پہ جد و جہد کے زور پر قابو پانے کے بھی مترادف ہے۔ اور نتائج پر توکل کا نام بھی۔ یہ تمہارے اس اشد الجہاد کا نام بھی ہے جس کی آزمائش میں سرخروئی کے باعث تم نفسانی کمزوریوں سے نجات پاسکتے ہو۔ (آیات ۱۴: ۱۲ - ۲۹: ۶۹ - ۱: ۵۶)

تمہاری دشمنوں پر شدت اور تحفظِ خویش بھی صراطِ مستقیم ہے تاکہ تم منظم طور پر ان سے دو بدو ہوسکو اور سعی عمل کی استقامت سے انہیں نشانۂ قتل بناتے ہوئے ان کا نام و نشان تک مٹا ڈالو۔ (صـ ۱۳۱-۱۳۲)

اعمالِ خُدا کا مطالعہ بھی صراطِ مستقیم ہے

صراطِ مستقیم کا ایک پہلو تمہاری اُمت کے لئے مکارم اخلاق کی پابندی بھی ہے۔ ظاہری و باطنی فحاشیوں سے اعراض اور اُن چیزوں سے اجتناب ہے

پس تمہارے رب کا صراطِ مستقیم یہ ہے کہ تم طلبِ علم میں لگ جاؤ۔ تمہارے سمع و بصر اور تمہارے فہم و ادراک سے اس کی صداقت کی جو شہادت بہم پہنچے، اس سے سفرِ زندگی میں نشانِ منزل کا کام لو اور اس معاملے میں ظن وقیاس سے اجتناب کرو۔ چنانچہ جو لوگ دورِ نبی اکرمؐ میں تمہاری طرح ظن و قیاس کی پیروی کیا کرتے تھے۔ خدا کی آخری کتاب میں ان کے متعلق ارشاد ہوا ہے کہ :-

"وہ علم سے بے نصیب ہیں اور ظن و تخمین کا اتباع کرتے ہیں اور یہ حسنِ ظن انہیں حق کی بارگاہ سے کوئی فائدہ نہ پہنچا سکے گا۔ اس لئے جس نے ہمارے قوانین سے رُو گردانی اختیار کی اور حیاتِ دنیوی ہی کو اپنا مقدر سمجھا (لے بنی) تو بھی اُس سے بے نیاز ہو جا۔ ان کا علم انہیں یہیں تک پہنچا سکتا تھا۔ اور تمہارا رب ان راہِ حق (یعنی صراطِ مستقیم) سے بھٹکے ہوؤں کو خوب جانتا ہے۔ اُسے یہ بھی معلوم ہے کہ راہِ ہدایت پر قدم بڑھانے والے کون ہیں"۔ (۵۳: ۲۸-۳۰)۔ (صد ۱۳۳)

حصُولِ علم صراطِ مستقیم کا تقاضا ہے

صراطِ مستقیم یہ بھی ہے کہ تم تحصیلِ علم میں کوشاں رہو۔ اُن امور سے بچو جو تمہارے عادات و اطوار میں بگاڑ پیدا کریں۔ اور وہ کچھ اخذ کرو جو تمہارے سیرت و کردار کی تعمیر و تربیت کا باعث ہو۔ خدا کی سنتِ جاریہ سے متمسک ہو جاؤ۔ اشیائے کائنات کا درس پاؤ۔ معرفتِ نفس پانے کی سعی کرو۔ دشمنوں پر غلبہ حاصل کرو۔ اپنے علم اور کتابِ خداوندی

کی حکمتِ نورانی کی وساطت سے تمکن فی الارض کے نصب العین تک پہنچو۔ اور اس طرح جو علم و بصیرت حاصل ہو اس کی بدولت یہود و نصاریٰ اور دیگر اہلِ کتاب پر علی الروس الاشہاد قرآنِ حکیم کے علم اور حکمت و موعظت کا سکّہ بٹھا دو۔ تمہارے لئے یہ ممکن نہیں کہ تم اپنی اس جہالت اور کم فہمی کی بناء پر جو مدتوں سے تمہارا شعار ہے، کامیابی سے اُن کا سامنا کر سکو۔ تمہارے لئے یہ بھی ممکن نہیں کہ اُن کے دلوں پر عظمتِ دین کا نقش قائم کرنے کے لئے صرف و نحو، شعر و ادب اور صنعت و بدعت کی فضول بحثیں چھیڑ کر یا اپنی تسبیحوں اور عماموں کی برتری جتلا کر کوئی میدان مار سکو۔ کیونکہ ایسی لغویات اُن کے نزدیک ناقابلِ التفات سمجھی جائیں گی۔ تم انہیں اُس وقت تک اسلام کی طرف مائل نہیں کر سکتے اور اس وقت تک انہیں اپنے زُمرے میں شامل نہیں کر سکتے تاآں کہ تمہاری علمی سطح اُن جیسی نہ ہو۔ اور خدا کی راہ میں تمہارا جذبۂ جہاد اُن کے ذوقِ جہاد سے برتر نہ ہو۔ تم جب بھی، بربنائے جہالت، انہیں مقابلے کی دعوت دو گے، قرآنِ مجید کے الفاظ میں اُن کا جواب یہی ہوگا کہ :-

ہمارے اعمال ہمارے لئے اور تمہارے، تمہارے لئے۔

ہمارا تمہیں دُور سے ہی سلام ! (صـ۱۳۴)

غفلت اور جہالت کی جولاں گاہوں کے سور ماؤ ! صراطِ مستقیم یہ ہے کہ تم حکمتِ قرآنی کی تعلیم پاؤ۔ اور اس کے حقائق و معارف کو سمجھو۔ نہیں بلکہ اُس کے حقائق و معارف، اس کے صدق و عدل، اس کے نورِ ہدایت، اس کی رحمت و بشارت، اس کی حکمت و موعظت اور اس کی شفاباریوں کو علم و شہادت کی رُو سے دُوسرے انسانوں تک پہنچاؤ۔ اور اگر یہ حقیقت سمجھ لی جائے تو اپنی کم فہمی سے اس کی تکذیب

کے مجرم نہ بنو۔ تم انہیں یہ حقیقت سمجھاؤ کہ خدا کی یہ کتاب نوعِ انسانی کو سلامتی اور حفظ و امن کی منزل کی طرف رہنمائی کرتی ہے تاکہ اس حیاتِ دنیوی میں وہ خوف و حزن کی پریشانیوں سے محفوظ رہیں۔ اور حیاتِ اُخروی میں مقامِ شرف پر فائز ہوں۔ لیکن یہ حقیقت، کہ خدا نے تمہارے لئے ایک ایسی کتاب نازل فرمائی ہے جو اُن کے خوف کو امن میں بدل کر انہیں ابدی نعمتوں سے مالا مال کرتی ہے۔ اسی صورت میں ان کے ذہن نشین ہو سکتی ہے جب تم علم و بصیرت کی رُو سے انہیں قائل کر سکو۔ نا کہ تمہارے دلائل و براہین اُلٹا انہیں اس قدر بدظن کر دیں کہ وہ سرِ تسلیم خم کرتے ہوئے تمہارے زمرۂ دین میں داخل ہونے سے گریز کریں۔ (ص ۱۳۵)

صراطِ مستقیم تمسّک بالوحی سے عبارت ہے

تمہارا خدا چاہتا ہے کہ تم توحید اور ایمان کی وساطت سے خوف و حزن کی تاریکیوں سے نجات پاؤ اور امن و سلامتی کی فضاء میں آگے بڑھ سکو۔ یہ اس لئے کہ تمہیں رُوئے زمین پر غلبہ میسّر آئے اور تم حیاتِ دُنیوی کی خوشگواریوں اور حیاتِ اُخروی کی سرفرازیوں سے نوازے جاؤ۔ اور یہی ہے ملّتِ اسلامیہ کی جد و جہد کا حقیقی ثمرہ۔ خُدا کا ارشاد ہے کہ:

"وُہ تمہیں امن و سلامتی کی راہوں کی جانب بُلا رہا ہے اور جو
کوئی بھی اس کے قانونِ مشیّت کی رُو سے صراطِ مستقیم کا
آرزو مند ہو گا وُہ اُسے پالے گا"۔ (۱۰ : ۲۵)

بس اے ہلاکت کا شکار ہو جانے والو! صراطِ مستقیم یہ ہے کہ زندگی میں تم سلامتی کی راہوں سے منسلک رہو اور اگر تم خُدا کے اس قانون سے متمسک ہو جاؤ

جو خدا نے تمہارے رسُول کی وساطت سے بذریعہ وحی تمہیں عطا فرمایا ہے ۔ تو اُس کا ارشاد یہ ہے کہ :-

"اے نبی ! جو کوئی تجھ پر نازل شدہ وحی سے متمسک ہوا ، اُس نے صراطِ مستقیم کو پا لیا ۔" (۴۳:۴۳) ۔ (ص ۱۳۵)

قیامت پر ایمان کا ثبوت پہنچانا صراطِ مستقیم ہے

یاد رکھو ! کہ تم اپنے نشو و نما دینے والے کے مسلک کی پیروی اور اس کے صراطِ مستقیم کی جادہ پیمائی کے اُس وقت تک مدعی نہیں بن سکتے حتیٰ کہ تم قیامت کے وقوع پر شدت سے ایمان قائم کرو ۔ اور خدا کی راہ میں جان توڑ جہاد سے نوع کو اس کی شہادت نہ بہم پہنچاؤ ۔ حتیٰ کہ ان پر تمہارے علم و عمل کے نتائج سے یہ حقیقت واضح نہ ہو جائے کہ "وہ یوم الحساب لازماً آ کر رہے گا" ۔ (۲۰ : ۱۵)

"خدا نے اُسے نگاہوں سے اوجھل اس لئے کر رکھا ہے کہ ہر شخص اپنی سعی و جہد کا ماحصل پانے کے قابل ہو سکے ۔"

(۲۰ : ۱۵)

حتیٰ کہ تم نوعِ انسانی کے لئے اس کے قانونِ مکافاتِ عمل کی عملی شہادت ، زندہ دلیل و بُرہان اور اس کا روشن علم بن جاؤ ۔ اس راہ میں تمہاری جد و جہد کا مقصود انسانوں سے کوئی معاوضہ پانے سے بالاتر رہنا چاہیئے کیونکہ اس کا حقیقی اجر تمہیں یومِ قیامت کے موقع پر ملے گا ۔

ہاں ! تمہیں اس کی استطاعت حاصل نہیں کہ تم اس وقت تک صراطِ مستقیم

کی پیروی کے دعویدار بن سکو تا آنکہ تم اپنے میں زندگی پیدا کرو اور اسی کی بدولت اپنی قوم کو (مایوسی اور شکست کی) تاریکیوں سے بچا کر حیاتِ باشرف کی روشن فضاؤں میں لے آؤ۔ (ص ۱۳۶)

تمہارے لئے یہ جاننا کہ ——— ہدایت کیا ہے، اللہ کا دین کیا ہے، اللہ کا وہ قانون فطرت کیا ہے، جس کے مطابق تخلیق انسانی عمل میں آئی ——— اس وقت تک ممکن نہیں جب تک تم اپنی ذات میں وحدت پیدا نہ کرو، نوعِ انسانی میں صلح پیدا نہ کرو، ربطِ باہمی سے کام نہ لو، صبر و ضبط کی صلاحیت پیدا نہ کرو۔

ہاں! یہ اس وقت تک ممکن نہیں تا آنکہ تم امرِ خداوندی کی رُوح سے ظواہر و مناسک میں متمسک نہ ہو جاؤ۔ یہ اس لئے کہ ایسا کرنے سے امورِ زندگی میں تمہارے باہمی تنازعات اور اختلافات کی کوئی صورت باقی نہ رہے۔ اور اس کے نتیجے میں اسلام کی سرحدیں دُور دُور تک پھیل جائیں اور تمہارے غلبہ و اقتدار کا ہر چار سُو ڈنکا بجنے لگے۔ (ص ۱۳۷)

○

[i] *Allama Mashriqi Narrowly Escapes the Gallows: Court Proceedings of an Unpardonable Crime Against the Man Who Led the Freedom of the Indian Subcontinent*. Author: Nasim Yousaf

[ii] Under British Rule, most of South India was integrated into a region called the Madras Presidency. In 1956, the Madras Presidency was disbanded and Tamil Nadu was established.

[iii] *Al-Islah* April 16, 1937, p.1

[iv] *The Pakistan Times*, Lahore, May 07, 1962